# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 2 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

کتاب کے مشکل الفاظ کے flashcard تیار کرلیں۔

# سیشن 1

15 منٹ

- کہانی پڑھ کر سنائیں۔ ساتھ ساتھ تصویروں پر بچوں کے خیالات معلوم کریں۔ مثلاً:
  - مختلف مزوں کے بارے میں۔
  - رنگوں کے بارے میں۔
  - آسمان پر نظر آنے والی چیزوں کے بارے میں۔

20 منٹ

- ذائقے کی حس (sense of taste) سے متعلق کہانی کے الفاظ کے فلیش کارڈ پڑھوائیں۔ ان الفاظ کی جوڑ توڑ بورڈ پر لکھیں۔

م + ی + ٹھ(ٹ+ھ) ا = میٹھا

ن + م + ک + ی + ن = نمکین

ت + ی + ز = تیز

ر + س + ی + ل + ا = رسیلا

گ + ر + م = گرم

م +ی + ٹھ(ٹ+ھ) ے = میٹھے

م + ٹھ(ٹ+ھ) ا + س = مٹھاس

ت + ر + ش = ترش

ک + ڑ + و + ا = کڑوا

کھ(ک+ھ) ٹ + ا = کھٹا

چ + ٹ + پ + ٹ + ا = چٹ پٹا

کھ(ک+ھ) ا + ر + ا = کھارا

10 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ یہ الفاظ کس حس کی نمائندگی کرتے ہیں۔ (ذائقے کی حس)

- یہ حس جسم کے کس حصے میں پائی جاتی ہے؟
- کیا آپ کسی چیز کو دیکھ کر یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کا مزا کیسا ہو گا؟

## سیشن 2

10 منٹ • 6 - 5 بچوں سے باری باری کتاب پڑھوائیں۔

20 منٹ • سیشن 1 میں جوڑ توڑ کیئے گئے الفاظ کے انگریزی معنی بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| english | اردو | english | اردو |
|---|---|---|---|
| salty | نمکین | sweet | میٹھا |
| juicy | رسیلا | hot | تیز |
| sour | ترش | hot | گرم |
| sour | کھٹا | bitter | کڑوا |
| brackish | کھارا | spicy | چٹ پٹا |

نوٹ: تیز (hot) اور گرم (hot) کا فرق واضح کریں۔

15 منٹ • بچوں سے پوچھیں کے جو ذائقہ بتانے والے الفاظ بورڈ پر لکھے گئے ہیں ان کو سن کر اور کیا کیا چیزیں یاد آتی ہیں۔ مثلاً

- چٹ پٹی چاٹ، ٹھنڈی ٹھنڈی برف، نمکین نمک پارے، نمکین سمندر۔

بچوں کو سمجھائیں کے ایسے الفاظ کو صفت (adjective) کہتے ہیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

کتاب میں سے آسمان پر نظر آنے والی چیزوں کے نام کے flashcard بنا لیں۔ ایک globe اور torch کا بندوبست کریں۔ florecent stars یا پھر silver کاغذ سے چاند تارے کاٹ کر کلاس میں لے کر آئیں۔ ایک کالے اور ایک سفید چارٹ پیپر کا انتظام کریں۔

# سیشن 3

**10 منٹ**

- بچوں سے کہیں کہ کتاب میں دیکھ کر وہ تمام چیزیں بتائیں جو آسمان پر نظر آتی ہیں۔ بنائے ہوئے flashcard دکھائیں اور پڑھوائیں۔

**15 منٹ**

- بچوں سے پوچھیں:
  - کونسی چیزیں دن میں نظر آتی ہیں۔
  - کونسی چیزیں رات کو دِکھتی ہیں۔
  - دن اور رات کیسے آتے ہیں۔

نوٹ: بچوں کو بتائیں کہ زمین اپنے axis پر گول گول گھومتی ہے۔ اس وجہ سے زمین کے آدھے حصے میں دن اور آدھے حصے میں رات ہوتی ہے۔ globe اور torch کی مدد سے بچوں کو یہ concept سمجھائیں۔

  - بچوں سے پوچھیں کہ globe دیکھ کر بتائیں کہ اگر ہمارے ملک میں دن ہے تو کون سے ملک میں رات ہو گی۔ (امریکا)

15 منٹ
- بچوں سے پوچھیں:
  - کیا آپ آسمان میں ستارے گن سکتے ہیں؟
  - ہماری galaxy میں کتنے ستارے ہیں؟ (400 billion stars)
  - رات میں نظر آنے والے ستارے دن میں کہاں جاتے ہیں؟ (بچوں کو بتائیں کہ ستارے دن میں بھی موجود ہوتے ہیں۔ صرف سورج کی روشنی کی وجہ سے ہمیں نظر نہیں آتے)۔
  - کالے اور سفید cardboard پر ستارے چپکا دیں۔ پہلے بچوں کو دور سے سفید کارڈ بورڈ پر لگے ستارے دکھائیں۔ پوچھیں کہ کیا ستارے آسانی سے نظر آ رہے ہیں؟
  - اب کالے cardboard پر لگے ستارے دور سے دکھائیں اور پوچھیں کہ کیا آسانی سے نظر آرہے ہیں یا نہیں؟

## ہوم ورک

5 منٹ
- سیشن 1 میں جن الفاظ کی جوڑ توڑ کروائی تھی ان الفاظ سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 4

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔
  - دیئے گئے الفاظ میں سے 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

10 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ

دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔

- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**25 منٹ**

- بچوں سے بادلوں کے بارے میں پوچھیں۔
  - بادل کیسے ہوتے ہیں؟

(سمندر، دریا، جھیل وغیرہ سے بخارات (watervapour) اٹھتے ہیں جو جیسے جیسے ہوا میں اوپر جاتے ہیں ٹھنڈے ہو کر بادلوں کی صورت اختیار کر لیتے ہیں)۔

- آسمان پر بادل ادھر ادھر کیسے اڑتے ہیں؟

(جب ہوا چلتی ہے تو بادل (جو ہوا سے ہلکے ہوتے ہیں) اس ہوا کے ساتھ اڑتے ہیں)۔


- بادل اون کے گولوں کی طرح کیوں لگتے ہیں؟

(بادل جب آسمان میں بہت اوپر ہوتے ہیں تو watervapour برف بن جاتا ہے۔ ہمارے اردگرد جو ہوا ہے وہ جیسے جیسے اوپر کی طرف جاتی ہے ٹھنڈی ہوتی جاتی ہے)۔

- بادل سے بارش کیسے ہوتی ہے؟

بادل جب نیچے آتے ہیں تو برف پانی میں تبدیل ہونا شروع ہو جاتی ہے اور آخر کار بارش ہو جاتی ہے۔

- بچوں کو water cycle بورڈ پر بنا کر دکھائیں۔



# سیشن 5

40 منٹ

- بچوں سے نظام شمسی (solar system) کے بارے میں پوچھیں۔ ہو سکے تو سائنس کی ٹیچر سے نظام شمسی کا کوئی ماڈل یا بڑا پوسٹر لے لیں۔

ٹیچر کے لئے معلومات:

- سورج نظام شمسی کا محور ہے۔
- نظام شمسی میں 8 سیارے ہیں۔ سیاروں کے نام ہیں: mercury عطارد، venus زہرہ، earth ارض، mars مریخ، jupiter مستری، saturn زحل، uranus اورانوس، neptune نپتون۔
- زمین سورج سے تیسرا قریب ترین سیارہ ہے۔
- زمین نظام شمسی وہ واحد سیارہ ہے جہاں زندگی پائی جاتی ہے۔ زندگی کے لئے ہوا، آگ، پانی وغیرہ کی ضرورت ہے جو زمین پر پائی جاتی ہیں۔
- زمین اور باقی تمام سیارے سورج کے گرد ایک محور پر گھومتے ہیں۔
- چاند زمین کے گرد گھومتا ہے۔
- سب سے بڑا سیارہ jupiter ہے اور سب سے چھوٹا mercury۔
- پہلے pluto کو بھی ایک سیارہ سمجھا جاتا تھا۔ مگر جدید تحقیق کے بعد 2000ء میں pluto کو سیاروں کی لسٹ سے خارج کر دیا گیا یہ dwarf planet ہے۔
- saturn سب سے خوبصورت سیارہ مانا جاتا ہے کیونکہ اس کے گرد مختلف gasses کے دائرے ہیں جس کی وجہ سے saturn بہت رنگین نظر آتا ہے۔

## ہوم ورک

5 منٹ

- بچے سیشن 6 کے لئے colour pencil اور markers لائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 6 کے لئے 4 چارٹ پیپر(chart paper) کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 6

**45 منٹ**

- بچوں کو 4 گروپ میں تقسیم کریں۔ 2 گروپ نظام شمسی اور 2 گروپ watercycle پر poster بنائیں۔
  - ہر گروپ کو ایک ایک chart paper دیں۔
  - poster بنانے میں بچوں کی مدد کریں۔
  - poster کو کلاس میں display کریں اور بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
  - ہو سکے تو assembly میں بچوں کے posters کی presentation کروائیں۔

# ذرا چاند کو چکھ کے دیکھو

# ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk